URDU Gif Format

چاشت کی روشنیاں داڑھیاں بڑھانے میں

لمعۃ الضحٰی فی اعفاء اللحٰی

۱۳۱۵ھ

مصنف:

اعلیٰ حضرت، مجدد امام احمد رضا علیہ الرحمہ

رسالہ

لمعۃ الضحٰی فی اعفاء اللحٰی ۱۳۱۵ھ

(چاشت کی روشنی داڑھیاں بڑھانے میں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مسئلہ ۲۲۷: از حیدر آباد ۲۰ جمادی الآخر ۱۳۱۵ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ولید کہتا ہے داڑھی منڈانا حرام نہیں الحرام ما ثبت ترکہ بدلیل قطعی لاشبھۃ فیہ (حرام وُہ ہے جس کا چھوڑ دینا ایسی قطعی دلیل سے ثابت ہو کہ جس میں کوئی شک وشبہہ نہ پایا جائے۔ت) حرام وہ جس کی حرمت دلیل قطعی سے ثابت ہو قرآن شریف میں تو اس کا کہیں حکم نہیں یا ابن ام لا تاخذ بلحیتی[1] (اے میرے ماں جائے! میری داڑھی نہ پکڑ۔ت) سے کوئی حکم نہیں نکلتا بلکہ ایک بات ہمارے لئے مفید البتہ پیدا ہوتی ہے کہ داڑھی بڑھانا بعض وقت مضر ہوتا ہے، دشمن نے بڑی داڑھی پکڑ کر مارنا شروع کیا تو پٹنا ہی پڑا۔ سنن ابی داؤد میں یوں مروی ہے: عشر من الفطرۃ قص الشارب واعفاء دس کام فطرت میں سے ہیں، مونچھیں کترنا' داڑھی

---

[1] القرآن الکریم ۲۰/۹۴

احمد و بخاری و مسلم و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ سب ائمہ اپنی مسند و صحاح میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی کہ انھوں نے فرمایا:

لعن اللہ الواشمات والمستوشمات والمتنمصات والمتفلجات للحسن المغیرات لخلق اللہ۔

اللہ کی لعنت بدن گودنے والیوں اور گدوانے والیوں اور منہ کے بال نوچنے والیوں اور خوبصورتی کے لئے دانتوں میں کھڑکیاں بنانے والیوں اللہ کی بنائی چیز بگاڑنے والیوں پر۔

یہ سن کر ایک بی بی خدمت مبارک میں حاضر ہوئیں اور عرض کی، میں نے سنا ہے آپ نے ایسی ایسی عورتوں پر لعنت فرمائی ــــ فرمایا:

مالی لا العن من لعن رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وھو فی کتاب اللہ۔

مجھے کیا ہوا کہ میں اس پر لعنت نہ کروں جس پر رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے لعنت فرمائی اور جس کا بیان قرآن عظیم میں ہے۔

اُن بی بی نے کہا: میں نے قرآن اول سے آخر تک پڑھا اس میں کہیں اس کا ذکر نہ پایا ــ فرمایا:

ان کنتِ قرأتیہ لقد وجدتیہ۔ اما قرأتِ مااٰتٰکم الرسول فخذوہ وما نھٰکم عنہ فانتھوا۔

اگر تم نے قرآن پڑھا ہوتا یہ بیان اس میں ضرور پاتیں۔ کیا تم نے یہ آیت نہ پڑھی کہ جو رسول تمھیں دے وہ لو اور جس سے منع فرمائے باز رہو۔

اُنھوں نے عرض کی، ہاں ــــ فرمایا، فانہ قد نھی عنہ[1] تو بے شک نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ان حرکات سے منع فرمایا۔

منکر دیکھے کہ اُس کا خیال وہی اُن بی بی کا خیال، اور ہمارا جواب بعینہٖ حضرت عبداللہ بن مسعود (رضی اللہ عنہ) کا جواب ہے یا نہیں۔ یہ بی بی اُم یعقوب اسدیہ ہیں کبار تابعین و ثقات صالحات سے

---

[1] مسند احمد بن حنبل عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ — المکتب الاسلامی بیروت ۱/۴۳۴
صحیح البخاری کتاب اللباس باب الموصولۃ — قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/۸۷۹
سنن ابی داؤد کتاب الترجل باب صلۃ الشعر — آفتاب عالم پریس لاہور ۲/۲۱۸
جامع الترمذی ابواب الادب باب ماجاء فی الواصلۃ الخ — امین کمپنی دہلی ۲/۱۰۲
سنن النسائی کتاب الزینۃ — نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ۲/۲۹۲

ہونے میں توکلام نہیں، اور حافظ الشان نے فرمایا، صحابیہ سے معلوم ہوتی ہیں۔ بہرحال ان کی فضیلت و صلاح قبول حق پر باعث ہوئی سمجھ لیں اور اس کے بعد خود اس حدیث کو حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کریں؛

کما رواہ البخاری[1] من طریق عبد الرحمٰن بن عابس عنہا رضی اللہ تعالٰی عنہما۔

جیسا کہ امام بخاری نے عبدالرحمٰن ابن عابس کے طریقہ سے، اس نے بی بی صاحبہ سے حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالٰی عنہما کے حوالہ سے اس کو روایت کیا ہے (ت)

ابنائے زمانہ سے گزارش کرنی چاہئے کہ ع

دِلا مردانگی زیں زن بیاموز

(اے دل! اس عورت سے مردانہ جرأت سیکھ۔ ت)

؎ ولکن الھدایۃ لن تنالا بلا فضل من المولٰی تعالٰی

(لیکن تُو ہرگز ہدایت نہیں پاسکے گا اللہ تعالٰی کے فضل کے بغیر۔ ت)

ایک بار عالمِ قریش سیدنا امام شافعی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے مکہ معظمہ میں فرمایا: مجھ سے جو چاہو پوچھو میں قرآن سے جواب دُوں گا۔ کسی نے سوال کیا، احرام میں زنبور کو قتل کرنے کا کیا حکم ہے؟ فرمایا:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ما اٰتٰکم الرسول فخذوہ ومانھٰکم عنہ فانتھوا وحدثنا سفیٰن بن عیینہ عن عبد الملك بن عمیر عن ربعی بن حراش عن حذیفۃ بن الیمان عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انہ قال اقتدوا بالذین من بعدی ابوبکر وعمر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جو کچھ تمھیں رسول کریم عطا فرمائیں اسے لے لو اور جس سے تمھیں منع فرمائیں اس سے باز رہو۔" اللہ عزوجل نے تو فرمایا کہ ارشادِ رسول پر عمل کرو" (ہم نے سفیان بن عیینہ نے فرمایا اس نے عبدالملک بن عمیر سے، اس نے ربعی بن حراش سے، اس نے حذیفہ بن یمان سے، انھوں نے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے روایت کی۔ ت) کہ رسول اللہ

---

[1] صحیح البخاری کتاب اللباس باب الواشمۃ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۸۷۹